اگر اس دستاویز اور انگریزی/چینی ورژن کے درمیان کوئی غیرہم آہنگی یا اختلاف پایا جاتا ہے، تو انگریزی/چینی ورژن کو فوقیت حاصل ہو گی۔

اکاؤنٹ کھلوانے اور اس کی دیکھ بھال سے متعلق مفید معلومات

اکاؤنٹ کھلوانا اور دیکھ بھال

حالیہ سالوں میں، غیر قانونی سرگرمیوں، بشمول منی لانڈرنگ، دہشت گردی کے لیے رقم فراہم کرنا اور ٹیکس چوری، کے خلاف بین الاقوامی کوششیں نمایاں حد تک بڑھ گئی ہیں۔ اس اور کئی دیگر پابندیوں نے، بینکوں کو ترغیب دی ہے کہ وہ منی لانڈرنگ کے خلاف اور دہشت گردی کے لیے رقم فراہم کرنے کے خلاف (AML/CFT) اپنے کنٹرولز کو عمومی طور پر بہتر بنائیں، بشمول موجودہ اور نئے کسٹمرز کے لیے زیادہ سخت کسٹمر ڈیو ڈیلیجنس (CDD) عمل اپنائیں۔ لہٰذا، آج سے پانچ یا دس سال پہلے کی نسبت، اکاؤنٹ کھولنے کا موجودہ عمل یقیناً زیادہ پیچیدہ ہے اور اس میں زیادہ طویل وقت لگ سکتا ہے۔

مقامی تقاضوں کے علاوہ، کچھ بینکوں کو اپنے ہیڈ آفسز یا غیر ملکی حکام کی جانب سے لازمی قرار دہ تقاضوں یا معیارات کی پابندی بھی کرنی پڑتی ہے۔ لہذا ان بینکوں میں اکاؤنٹ کھولنے کے تقاضے مختلف ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ بینک اکاؤنٹ کھلوانا چاہتے ہیں، تو مختلف بینکوں سے رابطہ کر کے ان کی خدمات کا موازنہ اور اپنی ضروریات کے مطابق انتخاب اچھا طریقہ ہو گا۔ اس دستاویز کا مقصد ہانگ کانگ میں اکاؤنٹ کھلوانے اور اس کی دیکھ بھال کے حوالے سے کسٹمرز کے استعمال کے لیے کچھ معلومات اور مشورے فراہم کرنا ہے۔

اگر آپ کی اکاؤنٹ کھلوانے، دیکھ بھال یا اکاؤنٹ کی معلومات کی تجدید کے متعلق کوئی آراء یا سوالات ہیں، تو براہ کرم HKMA سے رابطہ کریں۔
ای میل: accountopening@hkma.gov.hk

1. **اکاؤنٹ کھلوانے کا عمل**

بینکوں کو اکاؤنٹ کھولنے سے پہلے کسٹمرز کے پس منظر اور ضروریات کو سمجھنے کے لیے CDD پر عمل کرنے کی ضرورت ہو گی۔ یہ بینکوں کو اپنے کسٹمرز کو موزوں بینکنگ خدمات فراہم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس بات کی بنیاد پر کہ آیا کسٹمر نے بینک کو CDD کے عمل کو مکمل کرنے کے لیے کافی معلومات فراہم کی ہیں یا نہیں، اکاؤنٹ کھلوانے کا عمل عمومی کیسز کے لیے کچھ دنوں کے اندر مکمل ہو سکتا ہے۔

انفرادی کسٹمر	کاروباری کسٹمر (مشورہ دیا جاتا ہے کہ پہلے سے ہی آن لائن/بذریعہ فون مشورہ کر لیں/اپوائنٹمنٹ مختص کر لیں)
تمام مطلوبہ دستاویزات اکٹھی کر لیں اور برانچ میں براہ راست یا انٹرنیٹ/موبائل ایپلیکیشنز کے ذریعے درخواستیں جمع کروائیں۔	
بینک کی جانب سے اندرونی منظوری	
اضافی دستاویزات/معلومات جمع کروائیں (اگر درکار ہوں)	
بینک کی جانب سے درخواست کے نتیجے کی اطلاع	

2. مطلوبہ معلومات

دیگر اقتصادی مراکز کی طرح، اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے مطلوبہ معلومات کے متعلق ہانگ کانگ کے بینکوں کی ایک جیسی چیک لسٹ موجود نہیں ہے، کیونکہ انفرادی بینک اپنی کاروباری حکمت عملیوں اور خطرے کے جائزوں کے مطابق اپنی پالیسیاں بناتے ہیں۔ مزید برآں، مقامی تقاضوں کے علاوہ، کچھ بینکوں کو اپنے ہیڈ آفسز یا غیر ملکی حکام کی جانب سے لازمی قرار دئے گئے تقاضوں یا معیارات کی بھی پابندی کرنی پڑتی ہے۔ لہٰذا ان بینکوں میں اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے درکار معلومات مختلف ہو سکتی ہے۔

عمومی طور پر، بینک ذاتی یا کاروباری بینک اکاؤنٹس کی درخواستوں کے حوالے سے درج ذیل معلومات حاصل کر سکتے ہیں یا متعلقہ اصلی دستاویزات کا تقاضہ کر سکتے ہیں:

(a) انفرادی کسٹمر:

(i) شناختی دستاویزات، مثلًا:
(A) شناختی کارڈ
(B) سفری دستاویز

(ii) رہائشی پتے کی معلومات:
شک سے بچنے کے لیے، کوئی بینک مخصوص حالات میں، دیگر مقاصد (مثلًا، گروہی تقاضے، دیگر مقامی یا بیرون ملکی قانونی یا انتظامی تقاضے) کے لیے کسی کسٹمر سے رہائشی پتے کی تصدیق (وصولی کے علاوہ) کا تقاضا کر سکتا ہے۔ ایسے حالات میں، بینک کو کسٹمر کو واضح طور پر پتے کی تصدیق کی وجوہات بتانی چاہیں۔

براہ کرم توجہ دیں کہ اکاؤنٹ کھولنے کے لیے مندرجہ بالا مطلوبہ معلومات صرف حوالے کے لیے ہیں۔ حقیقی حالات (مثلًا درخواست دہندگان کے پس منظر، درخواست کردہ بینکاری کی خدمات وغیرہ)

اور ان کے خطرے کے جائزوں کے مطابق، بینک، آپ سے دیگر اقسام کی یا اضافی معلومات اور دستاویزات کا تقاضا کر سکتے ہیں، مثلًا فارن اکاؤنٹ ٹیکس کمپلائنس ایکٹ (FATCA) اور آٹومیٹک اکسچینج آف فائنینشل اکاؤنٹ انفارمیشن (AEOI) سے متعلقہ معلومات یا دستاویزات وغیرہ۔ کسٹمر مطلوبہ معلومات کے متعلق پوچھنے کے لیے متعلقہ بینکوں سے رابطہ کر سکتے ہیں یا ان کی ویب سائٹس ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

(b) کاروباری کسٹمر:

(i) کاروباری شناختی دستاویزات، مثلًا:

(A) انکارپوریشن کا سرٹیفیکیٹ

(B) کسی کمپنی رجسٹری کی رپورٹ

(C) موجودگی کی معیاد کا سرٹیفیکیٹ

(D) اچھی ساکھ کا سرٹیفیکیٹ

(E) رجسٹریشن کا ریکارڈ

(F) شراکت داری کا معاہدہ یا

(G) آئینی دستاویز

(ii) رجسٹر شدہ دفتر اور مرکزی جائے کار (اگر رجسٹر شدہ دفتر کے پتے سے مختلف ہو) کے پتے کی معلومات

(iii) مستفیدی مالکان کی معلومات، مثلًا:

(A) مستفیدی مالکان کی شناختی دستاویز

(B) ملکیت اور کمپنی پر قابو کے ڈھانچے کی تفصیلات

(iv) اکاؤنٹ کا مقصد اور مقصود نوعیت، مثلًا:

(A) اکاؤنٹ کا مقصد

(B) اکاؤنٹ کی متوقع سرگرمیاں

(C) کاروبار کے کام کی نوعیت اور طریقہ

(v) کسٹمر کی جانب سے عمل کرنے والے شخص کی معلومات، مثلًا:

(A) کسٹمر کی جانب سے کام کرنے والے شخص کی شناختی معلومات

(B) مختار نامہ

براہ کرم توجہ دیں کہ اکاؤنٹ کھولنے کے لیے مندرجہ بالا مطلوبہ معلومات صرف حوالے کے لیے ہیں۔ حقیقی حالات (مثلًا درخواست دہندگان کے پس منظر، درخواست کردہ بینکاری کی خدمات وغیرہ) اور ان کے خطرے کے جائزوں کے مطابق، بینک، آپ سے دیگر اقسام کی یا اضافی معلومات اور دستاویزات کا تقاضا کر سکتے ہیں، مثلًا فارن اکاؤنٹ ٹیکس کمپلائنس ایکٹ (FATCA) اور آٹومیٹک اکسچینج آف فائنینشل اکاؤنٹ انفارمیشن (AEOI) سے متعلقہ معلومات یا دستاویزات وغیرہ۔ کسٹمر مطلوبہ معلومات کے متعلق پوچھنے کے لیے متعلقہ بینکوں سے رابطہ کر سکتے ہیں یا ان کی ویب سائٹس ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

3. **اگر درخواست رد ہو جائے تو کیا ہو گا؟**

(a) عمومی طور پر، بینکس کو اکاؤنٹ کھلوانے کی درخواستوں کو رد کرنے کی وجوہات فراہم کرنی چاہیے۔ مزید برآں، بینکوں نے ناکامیاب درخواستوں کے لیے نظرثانی کا طریقہ کار وضع کیا ہوا ہے۔ رد کردہ درخواست دہندگان، متعلقہ بینکوں کو اپنی اکاؤنٹ کھلوانے کی درخواستوں پر نظرثانی کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

(b) اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے کسی اور بینک کے پاس جائیں۔ براہ کرم بینک کی رابطہ تفصیلات دیکھیں

(c) تبصرے کرنے یا سوالات کے لیے HKMA (ای میل: accountopening@hkma.gov.hk) سے رابطہ کریں۔

4. اکاؤنٹ کی معلومات کی تجدید کرنا

AML/CFT کے بین الاقوامی معیارات کے مطابق، اکاؤنٹ کھلوانے کی درخواستوں سے نمٹنے ہوئے CDD کے عمل درآمد کو پورا کرنے کے علاوہ، بینکوں کے لیے باقاعدگی سے موجودہ کسٹمرز کی معلومات کی نظرثانی اور تجدید کرنا ضروری ہے۔ نظرثانیوں کی کثرت اور حد کا انحصار متعلقہ کسٹمرز کے خطرے کے پروفائل پر ہو گا۔ لہذا، ہو سکتا ہے کہ آپ کو بینکوں کی جانب سے خطوط موصول ہو سکتے ہیں، جو آپ سے اپنی معلومات یا اکاؤنٹ کی سرگرمیوں کی تجدید کا تقاضا کریں، بے شک اگر بینک اکاؤنٹس کئی سالوں سے رکھے گئے ہوں۔ اس کے باوجود، بینکوں کو کسٹمرز کو اس عمل میں مدد فراہم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اگر کسٹمرز کو بینکوں کی معلومات کی درخواستیں پوری کرنے میں مشکلات پیش آتی ہیں، تو وہ اس سے متعلق بات کرنے کے لیے بینک کو کال کر سکتے ہیں۔

تازہ ترین معلومات نہ صرف بینک کو کسٹمرز کو فراڈ کے خطرے اور اقتصادی جرم سے بچانے میں مدد فراہم کرتی ہیں، بلکہ بینکوں کو کسٹمرز کی ضروریات کو بہتر سمجھنے اور موزوں ترین خدمات اور مصنوعات فراہم کرنے کے قابل بناتی ہیں۔

5. بینکوں کو درج ذیل چیزیں نہیں کرنی چاہیں...

1. CDD اقدامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے، بینکوں کو اپنے کسٹمرز سے غیر معقول درخواستیں نہیں کرنی چاہیں، جو خطرے کے جائزے سے غیر متناسب یا غیر متعلقہ ہوں۔ مثال کے طور پر، ان میں شامل ہو سکتی ہیں:

(a) اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے کسی غیر ملکی کارپوریٹ کے تمام ڈائریکٹرز اور مستفیدی مالکان کی موجودگی کا تقاضا کرنا؛

(b) لازمی کر دینا کہ غیر ملکی کارپوریٹ کے کی تمام دستاویزات کی ہانگ کانگ میں موجود کسی سرٹیفائر سے تصدیق ہو؛

(c) کسی اسٹارٹ اپ سے ایک طویل عرصے سے قائم کمپنی کی طرح اپنے سابقہ ریکارڈ، کاروباری منصوبے اور آمدنی کے تخمینے کی کسی حد تک تفصیل بتانے کی درخواست کرنا؛

(d) کاروباری ماڈل یا طریقہ کار سے قطع نظر، تمام درخواست دہندگان سے ہانگ کانگ میں کاروبار کی رجسٹریشن کے سرٹیفیکیٹ یا تمام غیر ملکی کارپوریٹس سے ہانگ کانگ میں دفتر کے ثبوت کی توقع کرنا؛

(e) کاروباری تعلق یا پیشکش کردہ خدمات کی قسم (مثلًا MPF اکاؤنٹ، چھوٹے بیلنسز والی بینکاری کی بنیادی خدمات) سے قطع نظر ہو کر دولت کے متعلق ضخیم یا انتہائی تفصیلی معلومات مانگنا، جو کئی دہائیوں تک جاتی ہو، جو کسٹمر کے لیے فراہم کرنا مشکل یا ناممکن ہو؛ اور

(f) نامعقول طور پر اونچے بنیادی معیارات کی بنیاد پر اکاؤنٹ کھلوانے درخواست مسترد کرنا، مثلًا فروخت سے متوقع یا حقیقی آمدنی۔

2. بینکوں کو ویلتھ منیجمنٹ انویسٹمنٹ یا انشورنس کی مصنوعات خریدنے یا بہت زیادہ تعداد میں ابتدائی ڈیپازٹس کو بینک اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے شرط نہیں رکھنا چاہیے یا ان سرگرمیوں کو بینک اکاؤنٹ کھلوانے کی کامیابی کے امکان یا عمل درآمد کے وقت کے ساتھ مربوط نہیں کرنا چاہیے۔

6. HKMA کا کردار

HKMA نے کچھ کاروباری کسٹمرز کو اکاؤنٹ کھلوانے کے حوالے سے پیش آنے والے مسائل کو حل کرنے کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں۔ ہمارا مقصد ہانگ کانگ میں AML/CFT کے ایسے مضبوط عمل درآمد کو برقرار رکھنا ہے، جو کسی حقیقی کاروبار یا عام شہری کو بینکنگ کی بنیادی خدمات کی فراہمی کی راہ میں رکاوٹ نہ بنے۔

(a) کیا اکاؤنٹ کھلوانا ہانگ کانگ میں بڑا مسئلہ ہے؟

HKMA کی جانب سے جمع کیے جانے والے تبصرات اور معلومات کی بنیاد پر، چھوٹے اور درمیانے حجم کی غیر ملکی انٹرپرائزز (SMEs) اور اسٹارٹ اپس کو بینک اکاؤنٹ کھلوانے میں پیش آنے والی مشکلات پوری صنعت میں مسئلہ نہیں ہے۔ یہ مسئلہ ایک یا دو بین الاقوامی بینکوں میں زیادہ موجود ہے، جو عمومًا بینک اکاؤنٹ کھلوانے خواہشمند کئی کمپنیوں کے لیے پہلا انتخاب ہوتے ہیں۔ HKMA کی جانب سے ستمبر 2016 میں "خطرے میں کمی اور اقتصادی شمولیت" پر مراسلہ جاری کیے جانے کے بعد صورتحال میں کچھ بہتری آئی ہے۔

(b) HKMA نے اکاؤنٹ کھلوانے کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے کیا کیا ہے؟

HKMA بینک اکاؤنٹس کھلوانے کے حوالے سے مشکلات کے مسئلے کو بہت اہمیت دیتا ہے اور اس کو حل کرنے کے لیے کافی کام کر چکا ہے، بشمول:

(i) ہم نے کئی اہم فریقین، بشمول غیر ملکی اور مقامی چیمبرز آف کامرس اور SME ایسوسیئیشنز، کے ساتھ رابطہ کیا ہے، تاکہ صورتحال کو گہری اور مکمل طور پر سمجھا جا سکے، بینک اکاؤنٹس کھلوانے میں مشکلات سے متعلقہ مخصوص واقعات کی تفصیلات جمع کی ہیں اور اس کے مطابق بینکوں کے ساتھ کیسز پر کام کیا ہے۔

(ii) HKMA نے 8 ستمبر 2016 کو تمام بینکوں کو "خطرے میں کمی اور اقتصادی شمولیت" پر مراسلہ جاری کیا، جس میں اس بات کو دہرایا گیا کہ بینکوں کو اکاؤنٹ کھلوانے کی درخواستوں سے نمٹتے ہوئے اور موجودہ کسٹمرز کے لیے ضروری احتیاط کرتے ہوئے "خطرے پر مبنی" طریقہ کار اپنانا چاہیے۔ بینکوں کو تمام موجودہ اور ممکنہ کسٹمرز کے ساتھ معقول اور جائز سلوک کو بھی یقینی بنانا چاہیے، بشمول:

(A) CDD کے عمل درآمد کے لیے ضروری معلومات اور دستاویزات کو واضح طور پر بیان کر کے، مانگی گئی معلومات کی وجہ کی وضاحت کر کے، کسٹمرز کو CDD کے عمل کو مطمئن کرنے کے لیے اقدامات کرنے یا متبادل فراہم کرنے میں مدد دینا اور ناکام درخواستوں کے لیے نظرثانی کے طریقہ ہائے کار متعارف کروا کر اکاؤنٹ کھلوانے اور CDD کے عمل درآمد میں شفافیت کو بڑھانا؛

(B) کسٹمرز کے ساتھ مؤثر رابطے کو برقرار رکھنا، مثلًا ان کی درخواستوں کی پیش رفت کے متعلق عبوری اپ ڈیٹس فراہم کرنا، ان کی درخواستوں کے نتائج کے متعلق وقت پر اطلاع دینا اور جب درخواست رد ہو جائے، تو رد کیے جانے کی مناسب وجہ بیان کرنا؛ اور

(C) اپنے اگلی صفوں کے عملے کو کافی تربیت فراہم کرنا، تاکہ متعلقہ اقدامات کے مساوی بنیادوں پر نفاذ کو یقینی بنایا جا سکے۔

(iii) اس کے علاوہ، HKMA نے 29 ستمبر 2016 اور 25 مئی 2017 کو بینکوں کو CDD کے کچھ عام طور پر غلط تشریح کیے جانے والے تقاضوں کے متعلق وضاحت دینے کے لیے "CDD پر کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات" جاری کیا ہے۔ کثرت سے پوچھے جانے والے ان سوالات کو ہانگ کانگ ایسوسیئیشن آف بینکس کی جانب سے HKMA کے مشورے سے تیار کیے جانے والے "AML/CFT کے حوالے سے کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات" کا حصہ بنا لیا گیا ہے، جنہیں 31 اکتوبر 2018 میں جاری کیا گیا (سابقہ تجدید 30 ستمبر 2020 میں کی گئی)۔

(iv) HKMA نے 11 اکتوبر 2017 کو اینٹی منی لانڈرنگ اور کاؤنٹر ٹیررسٹ فائنانسنگ کے پتے کی تصدیق کے تقاضوں پر رہنما ہدایات بھی جاری کیں، جو بینکوں کو بتاتی ہیں کہ گائیڈ لائن آن اینٹی منی لانڈرنگ اور کاؤنٹر ٹیررسٹ فائنانسنگ (مجاز اداروں کے لیے) میں موجودہ طور پر مختص کردہ پتے کی تصدیق کے تقاضوں کو 2018 میں عارضی طور پر باقاعدہ ختم کر دیا جائے گا۔ اس کے بعد، ان رہنماء ہدایات پر اکتوبر 2018 میں نظرثانی کی گئی اور اب بینکوں کے لیے صرف کسٹمرز کی پتے کی معلومات جمع کرنا ضروری ہے۔

(v) HKMA اور بینکاری کی صنعت کی مشترکہ کوششوں سے، ایسے کاروباری کسٹمرز، جنہیں بینکاری کی صرف بنیادی خدمات درکار ہوں، کو اضافی انتخاب فراہم کرنے کے لیے اپریل 2019 میں مختلف درجات والی اکاؤنٹ کی خدمات – "سمپل بینک اکاؤنٹس" (یا "SBAs") – کا آغاز کیا گیا، جو کسٹمرز کے تجربے کو بڑھاتی ہیں۔ خدمات کی کم رسائی کے ساتھ، SBAs میں شامل خطرات نسبتًا کم ہوں گے، لہذا اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے CDD کے کم جامع اقدامات کی ضرورت ہو گی۔

(vi) HKMA نے اکاؤنٹ کھلوانے کے حوالے سے تبصرات اور سوالات سے نمٹنے کے لیے ایک ٹاسک فورس ترتیب دے دی ہے اور اہم فریقین کے ساتھ رابطے کے لیے HKMA کی ویب سائیٹ پر ایک وقف شدہ صفحہ بنا دیا ہے۔

(vii) HKMA نے 2018 میں مسٹری شاپنگ پروگرام (MSP) چلانے کے لیے خدمات کے ایک فراہم کنندہ کی خدمات لیں، جس کی توجہ کا مرکز SMEs اور نسلی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے کسٹمرز کے لیے 20 ریٹیل بینکس میں اکاؤنٹ کھلوانے کے عمل کے کسٹمرز سے تعامل کا پہلو تھا۔ MSP بینکوں کے بہتری کے اقدامات کی مؤثریت اور موقع پر رائج طریقہ ہائے کار کا جائزہ لینے میں HKMA کی نگران سرگرمیوں میں اضافہ کرتے ہیں۔ HKMA نے تعین کردہ مشاہدات شریک کرنے اور کچھ شعبہ جات میں بینکوں کی جانب سے مزید بہتریوں کا تقاضہ کرنے کے لیے 14 جون 2019 کو ایک مراسلہ جاری کیا۔ HKMA نے متعلقہ بینکوں کے ساتھ MSP کے مشاہدات پر بہتری کے لیے کام شروع کر دیا ہے۔

(viii) HKMA کے 8 ستمبر 2016 لو جاری کردہ "خطرے کو کم کرنا اور اقتصادی شمولیت" پر مراسلے کے حوالے سے بہتری کے لیے کام کے حصے کے طور پر، HKMA نے 2017 کے اواخر اور 2018 میں بینکوں کے SMEs کسٹمرز کو شامل کرنے کے دوران AML/CFT اقدامات کے نفاذ کی موضوعی نظرثانی کی۔ HKMA نے صنعت کے ساتھ کلیدی مشاہدات اور نظرثانی میں شناخت کردہ طریقہ ہائے جات شریک کرنے کے لیے 14 جون 2019 کو ایک مراسلہ جاری کیا۔

(c) اکاؤنٹ کھولنے میں "خطرے پر مبنی" طریقہ کار کا نفاذ کرنے کا کیا مطلب ہے؟

"خطرے پر مبنی" کا مطلب یہ ہے کہ بینکوں کو انفرادی کسٹمرز کے پس منظر اور حالات کے مطابق ان کے خطرے کے درجات میں فرق کرنا چاہیے اور اسی تناسب سے خطرے کو کم کرنے والے اور CDD اقدامات کا نفاذ کرنا چاہیے، بجائے اس کے کہ منظوری کے عمل میں تمام کسٹمرز کے لیے "سب کے لیے موزوں ایک سائز/طریقہ" کا طریقہ کار اپنا لیا جائے۔

آراء یا سوالات

اگر آپ کی اکاؤنٹ کھلوانے، دیکھ بھال یا اکاؤنٹ کی معلومات کی تجدید کے متعلق کوئی آراء یا سوالات ہیں، تو براہ کرم HKMA سے رابطہ کریں۔

ای میل: accountopening@hkma.gov.hk